پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیرالاشاعت اخبار

جلد: ۹
شمارہ: ۱۱

عید کے مناظر

از: مولانا عبدالمجید

تکبیر کی آواز

اللّٰہ اکبر، اللّٰہ اکبر لا الٰہ الا اللّٰہ
واللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر وللّٰہ الحمد

غیبی پکارنے والے کی پکار کا اثر

نماز کے لئے روانگی

نماز عید

خطبہ

خوشی منانے کا انداز

جسم کی جلا روح کی ضیا

آج اسلام کی غلامی میں کوئی کمی ہو سکتی ہے

عید کا چاند

عید کا انتظار

عید کی شب

> اے چاند گواہ رہنا
> اللہ ہی پروردگار
> ہے ہمارا بھی اور
> تیرا بھی۔

عید مبارک





برصغیر کے مقبول گلوکار محمد رفیع پچھلے ہفتہ بعارضۂ قلب انتقال کر گئے۔
ان کی یہ یادگار تصویر ٹورانٹو میں ان کے آخری شو پر لی گئی تھی ۔ (تصویر: حیدر ربانی)

ٹورانٹو میں شبنم سے ایک ملاقات

—— حیدر ربانی



شبنم ؛ پالی ڈسے ان ٹورانٹو میں۔ (تصویر: حیدر ربانی)

پاکستانی فلمی اداکارہ شبنم آجکل شمالی امریکہ کے دورے پر آئی ہوئی ہیں۔ سنیز کا منعقد ہونے کی فلم "سہیلی" کی تشہیر ہے۔ جو سنگیت تھیٹر میں پارلیمنٹ کو صرف ایک دن کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر شبنم بھی تھیٹر میں موجود ہوں گی۔

"الہلال" کے نمائندے "حیدر ربانی" نے شبنم سے ایک چھوٹا سا انٹرویو لیا تھا۔ جو یہاں قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

س : پاکستانی فلمیں عموماً زیادہ کامیاب نہیں ہوتیں۔ اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے ؟

ج : اس کی کئی وجوہات ہیں۔ جن میں سے سب سے اہم وجہ بجٹ کی کمی ہے۔ ہمارے ناظرین کی تعداد بھی کم ہے اور ہمارے کلچر کے مطابق "سسپنس" فلمیں کو عام آدمی کے لیے غیر دلچسپ سا ہوتا ہے۔

س : پاکستانی فلموں کو کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے ؟

ج : جب زیادہ سے زیادہ لوگ فلمیں دیکھنے لگیں تو ہمارے بجٹ میں اضافہ ہوگا اور ہم بہتر فلمیں بنا سکیں گے ۔

س : پاکستانی فلمی انڈسٹری کب سنجیدہ اور دلچسپ کہانیاں پیش کر سکے گی ؟

ج : آج کل ہم اسی کوشش میں ہیں ۔ گو ابھی تک خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوئی ہے ۔

س : آپ کے پسندیدہ اداکار کون ہیں ؟

ج : صوفیہ لارین اور جمیلہ خانم

س : فیمنزم یا نیز ازم کے بارے میں آپ کیا محسوس کرتی ہیں ؟ یعنی وہ آپ کا مخالف ہے یا موافق ؟

ج : موافق ۔



اسلام میں حکمران طبقہ کا کوئی تصور نہیں تمام اختیارات اللہ کی امانت ہیں: غلام اسحٰق

مملکت کے تمام شعبے اور فرائض امانت یا وقف ہیں سرکاری ملازمین کو انصاف کیلئے نیابت قدرمی کا حکم دیا گیا ہے، موتمر انتظامیہ سیمینار سے خطاب

تربیت یافتہ بیوروکریسی کے بغیر کوئی حکومت کامیابی سے نہیں چل سکتی

سرکاری افسر عوام کے عدم اعتماد کے اسباب تلاش کریں عوام کے عام تضحیک کا نشانہ بنے ہوئے ہیں

کابل کے تقتل کی سازش کے الزام میں آریانا ائیر لائنز کے ۱۲ ملازمین کو سزائیں

برک کارمل کو ماسکو لے جانے والے طیارے کو تباہ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا تھا، وزیر داخلہ گلاب زئی نے سازش تیار کی تھی، ۲ کو عمر قید، باقی کو مختلف میعاد کی سزائیں

مجاہدین نے لغمان کے علی نگر اور ننگرہار ضلعوں کو روسی قبضہ سے آزاد کرا لیا

مجاہدین کی ارغنداب میں لڑنے والی روسی فوج کو شکست کا سامنا، زابل، ارزگان، قندھار اور لالندر میں سینکڑوں روسی فوجی ہلاک

لاہور میں شدید بارش نے تباہی مچا دی، گلی کوچے ندی نالے بن گئے

۳ ہزار افراد بے گھر مکانات کو شدید نقصان پہنچا، ۷ انچ سے زیادہ بارش ہوئی

ساہیوال میں ۸ مکان منہدم ایک عورت ہلاک، بہاولنگر، سیالکوٹ، بہاولپور، پشاور اور کراچی میں بھی شدید بارش

ساہیوال

شیخوپورہ

سیلاب کمیشن کا اجلاس

بھارت نے جیگوار ایئر کرافٹ کا اسکواڈرن قائم کر دیا

نئی دہلی

مسلمانوں پر بھارتی فوج کی فائرنگ کے خلاف پورے مقبوضہ کشمیر میں احتجاج

بھارت کے مشرقی علاقے کی علیحدگی اب ناگزیر ہو چکی ہے

محمد بدر منیر

[illegible]

خانہ ویرانی

شاعرِ جسارت

زندگی عہدِ تمدن میں گراں جانی ہوئی
آدمی وہ جنس ٹھہرا جس کی ارزانی ہوئی
سر پکا کرتے ہیں اپنے شہر میں آلو کے بھاؤ
یہ ہوا جوشِ نمو یا خانہ ویرانی ہوئی

چین کو پاکستان کی خارجہ پالیسی میں ممتاز مقام حاصل ہے، صدر ضیا

دونوں ملکوں کی دوستی گہری اور پائیدار ہے، چینی سفیر کے عشائیہ میں تقریر

[illegible]

دہلی میں سکھوں کا مظاہرہ

[illegible]

تقسیم زکوٰۃ میں فرقہ وارانہ امتیاز نہ برتا جائے، جسٹس آفتاب

ملک بھر میں زکوٰۃ کی تقسیم شروع ہو گئی، کراچی میں مستحقین کو چیک دیئے گئے

[illegible]

پاکستانی ٹرسٹ بینک کی میز پر مشتمل ...

... ہیرو کی ... ثقافت ...

... کی ... پیشکش کردی

[illegible]


ہلالِ عید سے

ہلالِ عید مری آنکھ سے ... تھا
رہا ہے گو مجھے ہر سال انتظار ترا
تو پہلی بار ہی جب اس چمن میں آیا تھا
پھر اس کے بعد بھی تو آ کے دل دکھاتا رہا
مری خوشی میں اضافہ نہ ہو سکا تجھ سے
میں گیارہ کیارہ سال ... رہا ہوں
وہ راہ فکر نہ وہ رہنما رہے باقی
خدا ... ہوا یاروں سے بھی
ہر ایک سیل بلا پر ... تھی مری
میں اپنی خاک سے آسودگی کا جویا تھا
میں تیری چھاؤں میں کرتا رہا شجر کاری
... برستا رہا
ترے حوالے سے کیا کیا نہ زخم کھاتا رہا
کہ تو کبھی تو مرا چاند بن کے ابھرے گا

یا ... دل میں نیا آ کے اور گل ... کھلا
مگر یہ ... گیا دل سے اعتبار ترا
مرے لیے تو حوادث ہی ساتھ لایا تھا
خوشی کے نام پہ غم کے دیئے جلاتا رہا
کبھی ملا بھی جو مجھ کو تو غم ملا تجھ سے
بچے ہیں پھول بھی کانٹے ہی میرے دامن میں
خلوص ہی نہ رہے جب تو کیا رہے باقی
ڈرا یا خوف مجھے سرخ آندھیوں سے کبھی
ہر شام شام تھی میری سحر سحر تھی مری
میں منتظر تھا اسی کا جو میں نے بویا تھا
نہ آیا کام کسی موڑ پہ وفاداری
مگر میں فصلِ گل و لالہ کو ترستا رہا
ہر ایک حال میں لیکن میں مسکراتا رہا
مری نظر سے تسلی بھی تجھ کو دیکھے گا

میں سوچتا ہوں کہ بدلے گا کب چلن تیرا
کہ داغ داغ ہی دیکھوں گا بانکپن تیرا

الطاف ...



احمدیوں کو زکوٰۃ کی رقم واپس لینے کی ہدایت

لاہور ... (نمائندہ جنگ) احمدیوں کی ہائی کمان نے تمام احمدیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بینکوں میں اپنے اکاؤنٹس میں سے زکوٰۃ کے طور پر وضع کی جانے والی رقم واپس لینے کے لیے متعلقہ حکام کو درخواستیں دیں۔ گذشتہ ماہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس کے نفاذ کے بعد بینکوں نے ایسی رقوم میں سے جو مسلم ناموں سے جمع کرائی گئی تھیں زکوٰۃ وضع کر لی تھی چونکہ احمدیوں کے نام بھی مسلمانوں کی طرح کے ہوتے ہیں چنانچہ ان کی جمع شدہ رقوم میں سے بھی زکوٰۃ وضع کر لی گئی سابق حکومت کے دور میں پارلیمنٹ نے آئین میں ترمیم کر کے احمدیوں کو غیر مسلم قرار دے دیا تھا احمدیوں کی ہائی کمان نے احمدیوں سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ تحریری طور پر اپنے بینکروں کو مطلع کر دیں کہ وہ زکوٰۃ کی طرح عشر بھی نہیں دیں گے کیونکہ ان کا اطلاق صرف مسلمانوں پر ہوتا ہے۔

ابن صفی انتقال کر گئے

کراچی ۔ ۲۷ ۔۔۔ (نمائندہ جنگ) برصغیر ہند و پاک کے ممتاز جاسوسی ناول نگار ابن صفی گذشتہ روز یہاں انتقال کر گئے۔ ابن صفی مرحوم کا اپنا خصوصی طرز تحریر تھا اور انہوں نے اپنے ناولوں کے لئے جو کردار پیدا کئے ان کی بعض نامعروف نقالوں نے طرز تحریر اور کرداروں کی نقل کی وہ [illegible] بیمار تھے [illegible] اپنی وفات تک [illegible] ایڈیشنز کے طور پر [illegible]۔

بھارت نے فوجی کمانڈروں کے اجلاس کی پاکستانی تجویز مسترد کر دی

نئی دہلی ۔۔۔ [illegible]

پی آئی اے کمپیوٹر سسٹم سے زیادہ کما رہی ہے!

[illegible]

پاکستان اور بھارت میں سیاحوں کی آمد و رفت شروع کرنے کی تجویز کا خیر مقدم

لاہور ۔۔۔ ریڈیو رپورٹ ۔۔۔ آل انڈیا ریڈیو کے مطابق بھارت نے پاکستان کی اس تجویز کا خیر مقدم کیا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان سیاحوں کی آمد و رفت شروع کی جائے لوک سبھا میں بھارتی وزیر [illegible] نے بتایا کہ اس سلسلے میں جلد ہی ایک وفد پاکستان آئے گا جو اس کے پاسپورٹوں کے اجراء میں حائل مشکلات پر پاکستانی حکومت سے بات چیت کرے گا انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں پاکستانیوں کو جانے کے لئے علیحدہ ویزا نہیں دیا جائے گا اور کشمیر کے خصوصی حالات کے مطابق ایسے پاکستانیوں کی درخواست پر غور کیا جا سکتا ہے جو اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کو ملنے کے لیے جانا چاہتے ہیں لوک سبھا کے بعض اراکین نے شکایت کی کہ پاکستان جانے والوں کو ویزا کے حصول میں خاصی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔



ارشد اقبال نے بحالت مجبوری جرم کیا

جرم نہ کرتا تو خود قتل ہو جاتا

میرا ایک بیٹا
لیفٹیننٹ سجاد احمد
۱۹۷۱ء کی جنگ میں
وطن پر قربان ہو گیا

دوسرے بیٹے امجد اقبال کو نامعلوم افراد گولی مار کر قتل کر گئے



تیسرا بیٹا
ارشد اقبال
محمد احمد خان قتل کیس
کا شکار ہو گیا!

ایف ایس ایف کے سابق سب انسپکٹر ارشد اقبال کی پھانسی پر ان کے [illegible] رابعہ خانم کا انٹرویو

[illegible]

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

پاکستان۔ آغاز سے آج تک

[illegible]

[illegible]

پاکستان زندہ باد

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

"اگر ہمارے طور طریقے پسند نہیں ہیں تو اپنے ملک واپس چلے جاؤ۔"
"یہاں رہنا ہے تو کینیڈین رنگ ڈھنگ اختیار کرنا پڑے گا۔"
"جب روم میں ہو تو وہی کرو جو رومن کرتے ہیں۔"

● تارکین وطن کے خلاف کینیڈا کے مختلف اخبارات، ریڈیو اور ٹی وی پروگراموں پر اس قسم کے چھپے ہوئے خیالات برابر سننے میں آتے رہتے ہیں۔ ہمارے بڑے بڑے لیڈر جو وقتی پبلسٹی کے بھوکے رہتے ہیں اور خاص خاص موقعوں پر فوٹو کھنچوانے باہر نکل آتے ہیں وہ ان گالیوں کا جواب کیوں نہیں دیتے؟ ان موقعوں پر ان کی غیرت و قومیت کیوں نہیں جاگتی؟

قوم کے ان "خادموں" کے علاوہ وہ بڑے بڑے عالم بھی یہاں موجود ہیں۔ جن کی تقاریر سنیے تو رونگٹے کھڑے ہو جائیں۔ جن کے پاس "آسٹریلیا" اور یورپی ممالک میں اسلام پر لیکچر دینے کے لیے وقت تو موجود ہے لیکن یہاں تبلیغ کرنا مشکل۔

اسلیے ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کالم کے ذریعہ مذہب مادر اعزہ و جہات کا جواب دوں۔ جس سے کینیڈین اور امیگرنٹ کا فرق کچھ واضح ہو جائے۔

● کینیڈین ملازم کا کام چوری اور کاہل ہونا ہے۔ پیر اور جمعہ کے دن یا تو وہ بیمار ہو جاتا ہے یا طبیعت کی ناسازگی کی بناء سارا پیر بہت دیر سے کام پر جاتا ہے۔ اس کے برخلاف ایک امیگرنٹ نہ صرف یہ کہ پابندی سے کام پر جاتا ہے بلکہ اوور ٹائم بھی خوشی کے ساتھ کرتا ہے پھر کام دل جی لگا کے کرتا ہے کیونکہ وہ بہت اچھی طرح جانتا ہے کہ دوسرا کام اسے ملنا کتنا مشکل ہے۔

● ایک کینیڈین ذرا سی بات پر کام کو لات مار دیتا ہے۔ پہلے تو اسے یہ علم ہوتا ہے کہ دوسرا کام مل جائے گا دوسرے اس کو بے روزگاری الاؤنس کمانے میں ذرا بھی جھجک نہیں ہوتی۔ پھر اس الاؤنس کے حاصل کرنے میں اس کی راہ میں اتنی مشکلات بھی نہیں کھڑی کی جاتیں۔ جبکہ امیگرنٹ کو اس سلسلے میں طرح طرح کی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے پھر بے روزگاری الاؤنس سے اس کی تشفی اس لیے نہیں ہوتی کہ وہ اپنا وطن چھوڑ کر یہاں محض پیسہ کمانے کے لیے آیا ہے۔

● نشے کی حالت میں کار چلانے والوں میں جو لوگ پرمٹ پکڑے جاتے ہیں ان میں سفید فام کینیڈین کی اکثریت ہوتی ہے۔ جبکہ امیگرنٹ سڑکوں پر جان گنوانے کی حماقت سے باز رہتا ہے۔

● کریڈٹ کارڈ کا بکثرت استعمال اور پھر دیوالیہ اور ان کی چوری، ان سب میں کینیڈین پیش پیش ہوتا ہے جبکہ ایک امیگرنٹ اس کا عادی نہیں ہوتا اور اس سلسلے میں بڑی احتیاط سے کام لیتا ہے۔

● شراب نوشی اور ڈرگ کے استعمال میں کینیڈین مقابلہ کرتا ہے اپنے امریکی بھائیوں سے۔ امیگرنٹ ذرہ میں تو پیتے پلاتے ہیں وہ بھی ایک حد کے اندر۔ نشے میں اول جلول بکتے شہر میں کتنے امیگرنٹ نظر آتے ہیں؟

● "گندگی" اکثر کینیڈین لوگوں کی خصوصیت ہوتی ہے۔ وہ کار میں تو ضرور نظر آتے ہیں لیکن منہ دھونے اور دانت صاف رکھنے سے بھاگتے ہیں۔ کپڑوں پر میل کی تہیں جمی ہوتی ہیں۔ گھروں میں بیئر کی بوتلوں کے انبار لگے ہوتے ہیں۔ لیکن امیگرنٹ کپڑے لتے کا زیادہ خیال رکھتا ہے۔ جسمانی صفائی میں بھی بہتر ہوتا ہے۔ صرف کا غذ کے استعمال کی وجہ سے چار پانچ کینیڈین لوگوں کے جمع ہونے پر جو ناگوار خوشبو کے بھبکے نکلتے ہیں وہ امیگرنٹس کے پاس نہیں ملیں گے۔ البتہ بعض پاکستانی گھرانوں میں ایسے لوگ نظر آتے ہیں جن کے لیے لفظ "صاف" استعمال کرتے ہوئے دو مرتبہ غور کرنا پڑتا ہے۔

● لسوں کی توڑ پھوڑ، ٹرینوں کی سیٹوں کی کاٹ چھانٹ، عمارتوں اور ٹیلیفون بوتھ کی تباہی، آگ لگانا، یہ سب کینیڈین تحفہ "کارنامے" ہوتے ہیں امیگرنٹ میں نہ اتنی جرأت نہ وقت اور نہ ہی وہ اتنا "بہادر" ہوتا ہے۔

● کینیڈین جاہل اور اکثر بدتمیز ہوتا ہے۔ معافی، شکریہ، جناب کم ہی استعمال کرتا ہے۔ جبکہ امیگرنٹ "آپ جناب" سے بات کرتا ہے، مقابلتاً زیادہ مہذب ہوتا ہے۔ اور اپنے ملک کا پڑھا لکھا انسان ہوتا ہے۔

● جنٹ مال چیچ، ڈاک کنسرٹ وغیرہ

میں ڈاکو، بیہڑ کے علاوہ لڑائی جھگڑے اور غنڈہ گردی بھی ہوتی ہے۔ محض اچھی سیٹ حاصل کرنے کے لیے لوگوں کو روند کر جان سے مار دیا جاتا ہے۔ امیگرنٹ ان ہنگاموں میں نظر ہی نہیں آتا۔

● بزنس ایڈ سپر کیمپنگ کاروں، کشتیوں اور طاقت ور موٹر سائیکلوں پر جو قافلے نکلتے ہیں، اور سڑکوں پر ڈرائیونگ میں جو خلل کرتے رہتے ہیں ان میں کینیڈین ہی پیش پیش ہوتا ہے۔ جبکہ امیگرنٹ چھٹی کے دن بھی کام کاج میں مصروف رہتا ہے۔

● ہر ہفتے کینیڈا کے کسی نہ کسی شہر میں جو بینک لوٹا جاتا ہے اس میں کیا امیگرنٹ دخل رکھتے ہیں؟ کینیڈین قانون کو ہاتھ میں لیے پھرتا ہے اور بہت کم پکڑا جاتا ہے۔ اور جب وہ پکڑا ہی جاتا ہے تو قانون اس کا کیا بگاڑ لیتا ہے؟ مثال کے طور پر نکڑ کی دکان کا بڑا سا شیشہ ۱۷ برس کے کینیڈین غنڈے نے توڑا۔ گو رہیں مالک دکان نے مقدمہ چلا دیا لیکن وہ جیت بھی گیا۔ لیکن ۱۷ برس کے لڑکے کے پاس پیسے نہیں کہ وہ شیشے کی قیمت ادا کرے ——— یہ غنڈہ گردی، امیگرنٹ کا شیوہ نہیں۔ وہ قانون کا احترام کرتا ہے۔

تو میرے بھائی سفید فام کینیڈین!
اگر ہم امیگرنٹ تمہارے طور طریقے اپنا لیں تو کیا ہو گا؟ کینیڈا کی کمر ٹوٹ جائے گی۔ فیکٹریاں بند ہو جائیں گی۔ لوگوں کی عزت آبرو خطرے میں پڑ جائے گی لا قانونیت بڑھے گی۔ جہالت پھیلے گی۔ لاٹھی کا قانون چلے گا۔ اسا بہت شرمندہ ہوگی۔ کیا تم اب بھی یہی کہو گے کہ ہم روم میں رہ کر رومنوں کے طریقے اپنائیں؟ ہم محنت مزدوری کرتے ہیں، قانون کا احترام کرتے ہیں۔ شرافت اور امن و امان سے رہنے کی کوشش کرتے ہیں، سارے ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ اب تم ہی بتاؤ کہ کونسی روش بہتر ہے؟ ہم تو دو زبانیں جانتے ہیں، تم صرف ایک جانتے ہو۔ کیا ہمیں اپنی ایک زبان کھلا دینی چاہیے؟ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ ہم شرافت کا دامن چھوڑ کر تمہاری طرح غنڈہ گردی کے عادی بن جائیں؟ میری بات سنو ——! تم کیوں نہ امیگرنٹ کی عادتیں اختیار کر لو۔ پھر دیکھو ہمارا کینیڈا کتنی ترقی کرے گا!

لیکن اگر تمہیں ہمارے طور طریقے پسند نہیں ہیں تو تم وہاں واپس جا سکتے ہو جہاں سے تمہارے آباؤ اجداد آئے تھے۔ وعدہ کرتے ہیں کہ ہم تمہیں کبھی نہیں روکیں گے ——!
(دیکھیں کون اس کا ترجمہ کرکے ٹورانٹو اسٹار کو بھیجتا ہے)

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

توبہ

میری توبہ بھی کوئی توبہ ہے !
جب بہار آئی توڑ ڈالی ہے
— جلیل مانکپوری

●

میں اور بزم مے سے یوں تشنہ کام آؤں
گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا
— غالب

●

نگاہ لرزاں، قدم کو لغزش، نفس پہ دھڑکن، الٰہی توبہ!
ابھی رہے گی اگر یہی حالت تو کس طرح سامنا کریں گے ؟
— اقبال صفی پوری

●

میری توبہ کا اب خدا حافظ
ابر ہے، یار ہے، شراب بھی ہے
— نامعلوم

●

ہزاروں بار توبہ کی ہے میں نے بادہ نوشی سے
مگر بدلی کے آتے ہی بدل جاتی ہے نیت بھی
— حامد حسین نادری

●

کی ترک مے تو مائل پندار ہو گیا
میں توبہ کرکے اور گنہگار ہو گیا
— داغ

●

وہ کون ہیں جنہیں توبہ کی مل گئی فرصت
ہمیں گناہ بھی کرنے کو زندگی کم ہے !
— آنند نرائن ملا

●

میکدے میں کبھی توبہ کو جو آتے دیکھا
ایک دیوار کھڑی ہو گئی پیمانوں کی
— نوح ناروی

●

کیوں نہ ٹوٹے میری توبہ جو کہے تو ساقی
پی لے پی لے ارے گھنگھور گھٹا چھائی ہے
— ریاض خیرآبادی

●

بے کیفیوں کے کیف سے گھبرا کے پی گیا
توبہ کو توڑ تاڑ کے، تھرا کے پی گیا
— جگر مرادآبادی



ابنِ انشاء کی ایک غیر مطبوعہ نظم

شیر محمد خیر (ابن انشاء)

آج پھر عید آئی ہے اے دوست
آج پھر تیری یاد آئی ہے
صرف کچھ مسکراہٹیں ہی نہیں
چند آنسو بھی ساتھ لائی ہے
تو نے آخر بھلا دیا تو نہیں
یہ ہی دستور ہے زمانے کا
اک افسانہ ہو برسے جیسے دم
یہ انجام ہر فسانے کا
چشم جادو ادا یہ تنہائی
یہ آزار آپ کے اے دوست
آج محفل میں پھر اکیلا ہوں
آج پھر عید آئی ہے اے دوست

ابن انشاء نے یہ نظم ۱۹۴۲ء میں ایک خط میں اپنے ایک دوست سجاد کراچی کو بھیجی تھی [illegible]

قارئین کو
عید
مبارک ہو!

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

۲۶ سالہ ہندوستانی لڑکا، حالیہ مقیم ٹورانٹو کے لیے، شیعہ مذہب سے تعلق رکھنے والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی خواہ کینیڈا میں ہو یا امریکہ میں۔ تفصیلات کے لیے ذیل کے پتہ پر خط لکھیے۔

H. S.
C/O CRESCENT

•

تعلیم یافتہ، ۳۲ سالہ غیر شادی شدہ پاکستانی لڑکے کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند احباب ضروری تفصیلات کے لیے اس پتہ پر خط لکھیں۔

I. A.
C/O CRESCENT

•

پاکستان میں مقیم ۲۷ سالہ شریف گھرانے کی مسلمان تعلیم یافتہ لڑکی کے لیے مناسب رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکا خواہ پاکستان میں ہو یا کینیڈا میں۔ مزید تفصیلات کے لیے پتہ ذیل پر خط بھیجیے۔

S. ALI
C/O CRESCENT

یوم پاکستان

ٹورانٹو میں یوم پاکستان ۲۳ اگست کو ۷ بجے شام نیک فورڈ پارک ہائی اسکول کے آڈیٹوریم میں منایا جا رہا ہے۔ پاکستان موسیقار گروپ کی جانب سے موسیقی کا پروگرام پیش کیا جائے گا۔ داخلہ دو ڈالر ہے۔

لچفنر میں "پاکستان کینیڈا ایسوسی ایشن" کی جانب سے ۱۳ اگست کو یوم پاکستان منایا جائے گا۔ موسیقی اور چائے کا انتظام بھی ہے۔ وقت ۵ بجے شام ہوگا۔

DUNCAN,
McKINTOSH HALL
CHURCHILL PARK

نوٹ

قارئین نوٹ فرمالیں کہ اس اخبار کا پچھلا شمارہ حسب ذیل تاریخ کو ڈاک کے حوالے کیا گیا تھا۔ اگر آپ کو اخبار دیر سے ملتا ہو تو اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے شکایت کیجیے۔

331376
30 VII 1980
DON MILLS
ON

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ مع فوٹو ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

درس قرآن مجید

محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اس سال بھی ٹورانٹو تشریف لا رہے ہیں۔ موصوف کا درس ٹورانٹو کی جامع مسجد میں ۲۲ تا ۳۱ اگست (اور یکم تا ۱۱ ستمبر ۱۹۸۰ء) روزانہ بعد نماز مغرب اور جمعہ و اتوار کو بعد نماز ظہر ہوگا۔ اہل ایمان خواتین و حضرات سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور درس قرآن سے فیض حاصل کریں۔

اسلامی تعلیم

بیرو فرال جونیئر پبلک اسکول میں میلوٹن مسلم ایسوسی ایشن کی جانب سے ہر اتوار کو دن کے ایک بجے سے تین بجے تک قرآن، اسلامی تعلیم اور اردو زبان کی تدریس کا انتظام کیا گیا ہے۔ ڈیڑھ بجے ظہر کی نماز ادا کی جاتی ہے۔ بعد میں تلاوت قرآن کریم اس کا ترجمہ اور تفسیر ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ان نمبروں پر فون کیجیے۔

A.R. MANN 292-5442
A. RAHMAN 292-4625
M. KHAWJA 293-0288

نماز عید

اس سال ٹورانٹو میں نماز عید کا انتظام ایگزیبیشن پلیس کے گراؤنڈ پر کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ فورڈ ہاؤس ایرینا واقع 2975 ڈان ملز پر بھی صبح نو بجے نماز عید ہوگی۔

پکنک

مسلم اردو کلچرل ایسوسی ایشن کی جانب سے ۱۷ اگست کو ملٹن میں واقع (RATTLE SNAKE) پارک میں پکنک کا انتظام کیا جا رہا ہے جس میں بچوں اور بڑوں کے لیے کھیل اور مقابلے ہوں گے۔ دعوت عام ہے۔ وقت صبح دس بجے۔ مزید معلومات کے لیے ان نمبروں پر فون کیجیے۔

270-2150 : نواز
270-6460 : حبیب خواجہ

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر ٹورانٹو کی رائل یارک ہوٹل میں جو ۱۰۰ فرنٹ اسٹریٹ پر واقع ہے ۲۱ اگست سے ۲۳ اگست تک تین دن کے لیے کھلا رہے گا۔ اوقات صبح نو بجے سے شام ۵ بجے تک ہوں گے۔ درمیان میں دن کے ایک بجے سے دو بجے تک کھانے کا وقفہ ہوگا۔ رائل یارک پر آفس کا نمبر (416) 368-2511 ہے۔

نوجوان طالبہ شہناز کے قتل کے ملزم راجہ نے اقبال جرم کر لیا

شہناز نے خفیہ طور پر شادی کر لی تھی جس پر راجہ نے غصہ میں آکر قتل کیا


ملزم کی نشاندہی پر پولیس نے ریوالور، مقتولہ کی گھڑی اور چپلیں برآمد کر لیں



مقتولہ شہناز

[illegible]





۱۴ اگست

برسوں ہم نے ظلم سہے ہیں برسوں ہم نے رنج اٹھائے
برسوں زخمی سینے تھامے ہر ظالم سے ہم ٹکرائے
برسوں لڑے انگاروں پر برسوں ہم نے اشک بہائے
برسوں ہم نے خون جگر سے آزادی کے دیپ جلائے
برسوں ہم نے سر ٹکرائے زنداں کی دیواروں سے
برسوں دار و رسن کو چوما برسوں اُلجھے خاروں سے
برسوں بوجھل زخمی پاؤں لے کر ہم پابند سلاسل
چلتے رہے ہیں گرتے پڑتے بڑھتے رہے ہیں جانب منزل

آغا وحید قزلباش

احمد حبیش

اے روحِ پاک سرزمیں
اے ارضِ پاک دل نشیں
تو جانِ جاں نشاطِ جاں
تو جانِ جاں رواں دواں
قدم قدم جواں جواں
روش روش نشاں نشاں
اے روحِ پاک سرزمیں
اے ارضِ پاک دل نشیں
تو علم و فن کی زندگی
ترقیوں کی برتری
تو نغمگی ہی نغمگی
تو روشنی ہی روشنی
اے روحِ پاک سرزمیں

محشر بدایونی

جاگ رہا ہے پاکستان

اپنی قوت اپنی جان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن جاگ رہا ہے پاکستان
نکلے ہیں مردانِ حق سینوں میں لے کر قرآن
ہم سے رہے باطل ہشیار ہم ہیں اک چڑھتا طوفان
اپنی قوت اپنی جان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن جاگ رہا ہے پاکستان
ہم ہیں قاسم کی آواز ہم ہیں خالد کی للکار
ہم ہیں طارق کا بازو ہم ہیں ٹیپو کی تلوار
اپنی قوت اپنی جان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن جاگ رہا ہے پاکستان
پرچم نصرت ہم سے کھلا رسمِ شجاعت ہم سے چلی
ہم ہیں جوہر تیغ حسینؓ ہم ہیں زورِ دستِ علیؓ
اپنی قوت اپنی جان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن جاگ رہا ہے پاکستان
فاتح ہیں تو غازی ہیں دین پہ مٹ جائیں تو شہید
نعرہ اپنا ہے اسلام کلمہ اپنا ہے توحید
اپنی قوت اپنی جان لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن جاگ رہا ہے پاکستان

چاند سے اُجلا جان سے پیارا پرچم پاکستان کا
جگمگ جگمگ روشن روشن ایک ورق قرآن کا
پرچم پاکستان کا
ہاتھ یہ ہر معصوم بہن کا ہر ماں کا یہ آنچل ہے
ماتھوں کا یہ اُجلا جھومر آنکھوں کا یہ کاجل ہے
ارمانوں کا روشن تارا کھلتا پھول ارمان کا
پرچم پاکستان کا
اس اجلے رنگ میں اپنے کھیتوں کی ہریالی ہے
اس کے ایک اک نقش میں ہم نے اپنی عظمت ڈھالی ہے
اُجلا دل ہر شیر جواں کا ماتھا ہر دہقان کا
پرچم پاکستان کا
اس کی چھاؤں میں ہنس ہنس کر ہم پاک ترانہ گاتے ہیں
اس کی ایک اک لہر پہ اپنے جان و دل لہراتے ہیں
بستی بستی گلشن گلشن ایک چراغ ایمان کا
پرچم پاکستان کا
اس کے پیچھے ایک ہوئے ہیں آزادی کے پروانے
اس پر خونِ دل سے لکھے ہیں ہم نے اپنے افسانے
اس کو لے کر موڑ دیا رخ ہم نے ہر طوفان کا
پرچم پاکستان کا

ساقی جاوید

القرآن

اللہ بڑا فضل فرمانے والا ہے

آخر کار وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ آئے ان کو کسی قسم کا ضرر بھی نہ پہنچا اور اللہ کی رضا پر چلنے کا شرف بھی انہیں حاصل ہو گیا۔ اللہ بڑا فضل فرمانے والا ہے۔ اب تمہیں معلوم ہو گیا کہ وہ دراصل شیطان تھا جو اپنے دوستوں سے خواہ مخواہ ڈرا رہا تھا۔ لہٰذا آئندہ تم انسانوں سے نہ ڈرنا، مجھ سے ڈرنا اگر تم حقیقت میں صاحب ایمان ہو۔ (اے پیغمبر) جو لوگ آج کفر کی راہ میں بڑی دوڑ دھوپ کر رہے ہیں ان کی سرگرمیاں تمہیں آزردہ نہ کریں۔

(آل عمران ۱۷۳ - ۱۷۵)

السنۃ

جب مانگنا ہو تو اللہ سے مانگو

حضرت ابن عباس سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ایک دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے (سواری پر) سوار تھا آپ نے فرمایا۔ اے بچے میں تجھے چند باتیں سکھاتا ہوں۔ (۱) اللہ (کے دین) کی حفاظت کر اللہ تیرا محافظ ہو گا۔ (۲) اللہ (کے دین) کی حفاظت کر تو اس کی رحمت کو اپنے سامنے پائے گا۔ (۳) جب مانگنا ہو تو اللہ سے مانگ۔ (۴) جب مدد کی ضرورت ہو تو اللہ سے طلب کر۔ (۵) یہ بات جان لے کہ مخلوق اگر تجھے نفع پہنچانے پر اتفاق بھی کرے تو نفع نہیں پہنچا سکتی مگر اسی قدر جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے۔ (مشکوٰۃ)

افغانستان جل رہا ہے

سید عبدالودود شاہ

[illegible]

> جو لوگ پاکستان کو نقصان پہنچانے میں مصروف ہیں ان کو نہ روکا گیا تو ہماری سلامتی خطرہ میں پڑ جائے گی

[illegible]

روزنامہ جسارت کراچی

آئین منسوخ نہ کیا جائے صدارتی اور پارلیمانی نظام دونوں ہی اسلامی ہیں

[illegible]

پاکستانی سفیر کا برطانوی حکومت سے احتجاج کا پروگرام

لندن (بجسپ ـ پی پی) برطانیہ میں پاکستان کے قائم مقام سفیر میر عثمان علی جلد برطانوی وزیر مملکت برائے ... سے ملاقات کریں گے ...

[illegible]







افسانہ: ایسی خوشی ملی آج

عشرت جہاں احمد

دادی کا انتقال کے بعد سب ہی کا دل ... [illegible]

... ابھی وقت ... [illegible]

ایسے خوبصورت اور ... وقت میں ... [illegible]

... رمضان ... [illegible]

[illegible]

سویوں کے بغیر عید کی خوشیاں ادھوری رہ جاتی ہیں

شاہی سویاں

اشیاء: ... [illegible]

ترکیب: ... [illegible]

شیر خرمہ

اشیاء: ... [illegible]

انڈے کی سویوں کا زردہ

ترکیب: ... [illegible]

سویوں کا مزعفر

اشیاء: ... [illegible]

[illegible]

Fortnightly AL-HILAL

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Phone: (416)424-1989/493-4374

VOL:9, NO:11 AUGUST 15, 1980

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورنٹو کینیڈا

افغان پاسپورٹ پر بھارتی ویزا اور روسی سرمایہ — نام نہاد جلاوطن پاکستانی حکومت کا ڈرامہ

[illegible]

روس بعض عناصر کو جنرل ضیاء کے خلاف اکسانے میں مصروف ہے — آرگنائزر

[illegible]

نورانی میاں کراچی واپس پہنچ گئے

[illegible]

روس افغانستان کو تیزی سے اپنی کالونی میں تبدیل کر رہا ہے

[illegible]

افغانستان میں ۲ ہزار طلبہ و طالبات جیلوں میں پڑے سڑ رہے ہیں

[illegible]

میاں طفیل محمد کو ... امریکہ کی دعوت

[illegible]

جنرل یحییٰ خان کا انتقال

پاکستان کے سابق صدر جنرل آغا محمد یحییٰ خان (۱۹۱۷ تا ۱۹۸۰) ۶۳ سال کی عمر میں جمعہ ۸ اگست کو طویل علالت کے بعد راولپنڈی کے ملٹری ہاسپٹل میں انتقال کر گئے۔

بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ دوسرے درجے کے شہریوں کا سلوک ہو رہا ہے

[illegible]

خریدار حضرات توجہ فرمائیں!

"الہلال" کے اس شمارے کے ساتھ اسلامی تحریک کے بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) کی ایک "تعارفی کاپی" آپ قارئین کے مطالعہ کے لیے منسلک کی جا رہی ہے جو دکانوں سے اخبار خریدتے ہیں۔ ایسے خریدار اگر "الہلال" کے ساتھ "کریسنٹ" بھی حاصل کرنا چاہیں تو ذیل میں دیا ہوا "الہلال" کی خریداری کا کوپن پُر کر کے اپنے چیک کے ساتھ بھیج دیں۔ کیونکہ آئندہ سے "الہلال" تو حسب دستور دکانوں پر فروخت ہوا کرے گا لیکن "کریسنٹ" صرف بذریعہ ڈاک ہی منگوایا جا سکتا ہے۔ (ادارہ)

ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیم ۳ نومبر کو پاکستان پہنچے گی — نوروز خان

[illegible]

دولتانہ پارلیمانی طرز حکومت کے حامی ہیں

[illegible]